# Regional News Unit Srinagar

**Text of Urdu News Bulletin Evening**
**Time 0740 PM**
**Dated: 25 July 2026**

آداب ۔۔۔ یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ ۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

☆ ...... وزیراعظم نریندر مودی نے حالیہ ویڈیو پیغام پر مثبت ردعمل ظاہر کرنے اور اپنی تجاویز پیش کرنے کیلئے سبھوں کا کیا شکریہ ادا// وزیر تعلیم دھرمیندھر پردھان نے کیا استعفیٰ پیش ۔

☆ ......لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کا کتب بینی کرنے ، ماحولیات کو تحفظ دینے اور میراتھن کے جذبے کو مثبت طور بروئے کار لانے کیلئے نوجوانوں پر زور ۔

☆ ...... سرینگر میں انٹرنیشنل فلم فیسٹول آف جموں وکشمیر منعقد کرنے سے فلم انڈسٹری اور جموں وکشمیر کے درمیان شراکت داری کو دوام ہوگا حاصل// عمر عبداللہ ۔

اور

☆ ...... وزیراعظم نریندر مودی کل من کی بات کے **136** ویں پروگرام کے دوران کریں گے اپنے خیالات کا اظہار ۔

پی ایم شکریہ

وزیر اعظم نریندر مودی نے ان کے ویڈیو پیغام پر مثبت ردعمل اور تجاویز دینے کیلئے ہر ایک کا شکریہ ادا کیا ہے۔اس ویڈیو پیغام میں انہوں نے نیٹ پیپر لیکس میں ملوث لوگوں کو سزا دلانے کیلئے سخت قانون بنانے کے حکومت کے فیصلے کا ذکر کیا تھا۔ویڈیو پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ مجوزہ بل پارلیمنٹ میں اگلے ہفتے پیش کیا جائے گا۔واضح رہے کہ کابینہ نے کل اس مسودہ بل کو منظوری دی۔وزیر اعظم کی طرف سے جاری کئے گئے ایک ویڈیو پیغام میں وزیر اعظم نے کہا۔

_____V/O______

استعفیٰ

دریں اثناء وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے استعفیٰ دیا ہے۔انہوں نے اپنا استعفیٰ آج وزیر اعظم نریندر مودی کو پیش کیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں دھرمیندر پردھان نے کہا کہ انہیں پچھلے دس دنوں کے دوران طلباء کے احتجاج سے پیدا شدہ صورتحال سے تکلیف ہوئی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ جنتر منتر نئی دلی اور ملک کے دیگر علاقوں میں صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے اور اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ قوم دشمن عناصر صورتحال کو استعمال نہ کریں،انہوں نے اپنا استعفیٰ دے دیا۔انہوں نے کہا کہ قومی کی خدمت کرنا ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ یہ کام جاری رکھیں گے۔

بات چیت

اسی دوران مرکزی سرکار اور CJP وفد کے درمیان آج نئی دلی میں تیسرے دور کی بات چیت ہوئی۔مرکزی وزراء جے پی نڈا اور ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے وفد کے ساتھ بات چیت کی اور امتحانات کے نظام میں اصلاحات لانے نیز پیپر لیکس کو بچانے سے متعلق امور پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا۔میٹنگ کے بعد CJP نے اپنا احتجاج واپس لینے کا فیصلہ کیا ہے۔CJP نے کہا ہے کہ ہماری سبھی تین مانگیں مان لی گئی ہیں اس لئے اب جنتر منتر سے سبھی لوگ پُرامن طور پر واپس لوٹ جائیں۔

مرکزی وزیر جے پی نڈا نے کہا کہ سرکار احتجاجوں پر درج تمام معاملات واپس لے گی۔

____V/O______

NTA

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی NTA نے امتحانی عمل میں شفافیت لانے کیلئے ایک اصلاحی قدم کے طور 47 اہلکاروں کو برطرف کیا ہے۔ ان میں سے کچھ اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ مرکزی کابینہ نے پیپر لیک معاملات اور امتحانی عمل میں لاپرواہی کی صورت میں قصورواروں کو سخت سزا دلانے کیلئے فاسٹ ٹریک عدالت قائم کرنے کے مسودے کو منظوری دی ہے۔

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی کل سہ پہر ساڑھے 4 بجے وکست وائبرنٹ ولیج پروگرام 2026 کے شرکاء کے ساتھ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے تبادلہ خیال کریں گے۔ اس دوران ملک کی تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے 4 سو سے زائد نوجوان وزیراعظم کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ واضح رہے کہ وکست وائبرنٹ ولیج پروگرام 2026 چار جون سے 30 جون تک منعقد کیا گیا۔ اس پروگرام کے تحت شرکاء نے مقامی لوگوں کے ساتھ شانہ بشانہ رہ کر مرکزی فلیگ شپ پروگراموں کے تحت سرگرمیاں عملائیں اور ان کے بارے میں بیداری پیدا کی۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ تعلیم صرف کتابوں اور امتحانی ہالز تک ہی محدود نہیں رہنی چاہئے بلکہ یہ کھیل کے میدانوں نیز سماج کے ہر ایک پہلو تک پہنچ کر طرز زندگی کا ایک حصہ بننی چاہئے۔ SKICC سرینگر سے آج ڈل کے کنارے پر ریڈنگ میراتھن کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ کتب بینی ہمارے خیالات کو تقویت بخشتی ہے جبکہ دوڑنے سے ہمارے جسم مضبوط ہو جاتا ہیں اور یہ دونوں مل کر سماج کو مستقبل کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ تین اہم عہد لیں جن میں روزانہ کتب بینی کرنا، روزمرہ کی زندگی میں ماحولیات دوست اقدامات کرنا اور میراتھن کے جذبے کو سماج میں مثبت تبدیلی لانے کیلئے بروئے کار لانا شامل ہے۔

_____V/O_____

اس موقعے پر ایل جی نے کرگل وجے دوس کا ذکر کرتے ہوئے کرگل جنگ لڑنے والے بہادر فوجیوں کی دلیری کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان فوجیوں کے اس جذبے سے ترغیب حاصل کرکے اپنے اندر نظم وضبط،

قائدانہ صلاحیتیں اور Nation First رویہ اختیار کر کے ایک نئی تاریخ رقم کریں۔

ایل جی استقبال

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگر ہوائی اڈے پر وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کا والہانہ استقبال کیا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ کشمیر میں منعقد ہونے والے انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف جموں کشمیر IFFJK فلم انڈسٹری اور جموں کشمیر کے درمیان نئی شراکت داری کا آغاز ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے کل سرینگر میں IFFJK کے انعقاد سے پہلے منعقدہ تقریب میں ان خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ فلم فیسٹول منعقد کرنے سے وادی کے باصلاحیت نوجوان فنکاروں کیلئے مواقعے پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سرکار فلم سازوں کیلئے موزون پالیسی ترتیب دینے پر سنجیدگی سے کام کر رہی ہے۔

سی ایم ملاقات

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنے رابطہ دفتر میں عوامی نمائندوں اور مختلف وفود سے ملاقات کر کے ترقیاتی اور عوامی بہبود سے متعلق مسائل سنے۔ ارکان اسمبلی آغا سید منتظر مہدی، وجے کمار اور راجیو کمار سمیت دیگر کئی وفود اور شخصیات نے مختلف نوعیت کے معاملات وزیر اعلیٰ کی نوٹس میں لائے۔ بعد میں وزیر اعلیٰ نے انہیں یقین دلایا کہ ان کے مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر بروقت ازالہ کیا جائے گا۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا 6 روز کی معطلی کے بعد آج دوبارہ بحال ہوگئی۔ آج دوپہر 2 بجے تک مزید 3 ہزار 506 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی اور یوں یاترا شروع ہونے سے اب تک مجموعی طور پر تین لاکھ 95 ہزار یاتریوں نے گپھا کے درشن کئے۔ ادھر آج صبح جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے 6 ہزار 269 یاتریوں پر مشتمل 18 واں قافلہ وادی کیلئے روانہ ہوا۔ واضح رہے خراب موسم، شدید بارش اور جموں-سرینگر قومی شاہراہ بند رہنے کے باعث یاترا 19 جولائی کو عارضی طور پر روک دی گئی تھی۔

## صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں کے بعد پہلگام راستے سے یاترا روٹ پر مرمت کرنے کی ضرورت ہے لہٰذا فی الحال سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بالتل کے راستے سے جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ بال تل کے راستے یاترا کے احسن انعقاد کیلئے تمام انتظامات کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کی یاترا کے دوران اب تک تین لاکھ 95 ہزار شردھالوؤں نے گپھا کے درشن کئے ہیں۔

## بارش

شہر سرینگر سمیت وادی کے دیگر قصبہ جات میں آج مطلع ابر آلود رہا اور تاہم مختلف مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشوں کا سلسلہ بھی وقفے وقفے سے جاری رہا۔ اگرچہ کل رات سے دریائے جہلم اور دیگر چھوٹے بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح میں کمی واقع ہوئی تھی تاہم آج اس میں دوبارہ اضافہ ہونے لگا۔ انتظامیہ نے کسی بھی امکانی صورتحال سے نمٹنے کیلئے افرادی قوت اور مشینری کو تیار رکھا ہے اور لوگوں کی راحت رسانی کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

## شاہراہ

ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ سرینگر جموں قومی شاہراہ پر بھی موسلا دھار بارشیں ہورہی ہیں جس کی وجہ سے شاہراہ کے مختلف مقامات پر پسیاں گر رہی ہیں۔ ان پسیوں کو متعلقہ ایجنسیاں ہٹا رہی ہیں اور شاہراہ آخری اطلاعات ملنے تک ٹریفک کی آواجاہی کیلئے کھلی تھی۔ اُدھر شوپیاں سے ہمارے نمائندے جان نثار احمد نے خبر دی ہے کہ پونچھ ضلع میں چندی مار علاقے میں پسی گر آنے کی وجہ سے مغل روڈ کو ٹریفک کیلئے بند کر دیا گیا ہے۔

## بی جے پی

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کٹھانہ نے راجوری، پونچھ اور جموں وکشمیر کے دیگر علاقوں میں حالیہ سیلابوں اور پسیاں گر آنے کی وجہ سے ہوئے قیمتی جانوں کے زیاں پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے بجلی، پانی، سڑک رابطوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو ہوئے نقصان پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ متاثرین کے حق میں معقول ریلیف واگزار کرنے کے ساتھ ساتھ لازمی خدمات کی بحالی کیلئے اقدامات کئے جانے چاہئیں۔

ٹرینی افسر

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات اور جموں وکشمیر پولیس کے سینئر افسروں نے آج پولیس ہیڈ کوارٹر سرینگر میں 78 آر آر کے 21 ٹرینی IPS افسروں کے ساتھ بات چیت کی اور انہیں جموں وکشمیر میں پولیسنگ کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں جانکاری دی۔

**Break**

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلی کیشن News on AIR اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر اپنے پروگرام من کی بات میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ اس ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 136 واں نشریہ ہوگا۔ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک پر براہ راست نشر ہوگا۔ نشریہ کو اے آر نیوز کی ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائیل ایپ پر بھی سنا جا سکے گا۔ ہندی نشریہ کے فوراً بعد آکاشوانی سے اس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔

جتندر سنگھ

وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ حکومت ملازمین تنظیموں کے ساتھ بات چیت کے ذریعے تمام مسائل کو افہام و تفہیم کے ذریعے حل کرنے کی وعدہ بند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی شفاف اور جوابدہ پالیسی کے تحت التویٰ میں پڑے سروسز کے 25 سے 30 برس پرانے معاملات حل کئے گئے ہیں۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ آج نئی دلی میں بھارتیہ پوسٹل ایمپلائز فیڈریشن کے 12 رکنی وفد کے ساتھ بات کر رہے ہیں۔ وفد نے ملازمین سے جڑے کئی معاملات وزیر موصوف کی نوٹس میں لائیں۔

دراس

دراس میں آج 27 ویں کرگل وجے دوس کی دو روزہ تقریبات شروع ہوئیں۔اس تعلق سے Lamochen view Point پر Yudh Sansmaran پروگرام منعقد ہوا جس دوران وہاں 1999 کرگل جنگ کے دوران شہید ہوئے فوجی اہلکاروں کو خراج عقیدت ادا کیا گیا۔تقریب میں کئی سینئر فوجی افسروں ،سول انتظامیہ کے افسروں،سابق فوجیوں اور شہید ہوئے فوجی جوانوں کے اہل خانہ نے شرکت کی۔

ساگر

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ عرس مبارک حضرت محبوب العالم شیخ حمزہ مخدومی رحمت اللہ علیہ کے ایام متبرکہ جو کہ کل سے شروع ہو رہے ہیں،کے سلسلے میں زائرین کیلئے تمام انتظامات کریں۔انہوں نے اسی طرح کے انتظامات وادی کے دیگر بقعہ جات میں کرنے کا انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر کی صدارت میں آج پارٹی ہیڈکوارٹر پر ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں بارشوں سے پیدا شدہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔اس موقعے پر حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ پانی کی نکاسی کو یقینی بنانے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کرنے کے ساتھ ساتھ سیلاب سے متاثرین کے حق میں فوری ریلیف واگذار کی جائے۔

نائب صدر جمہوریہ

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے اجلاس کا ہر ایک دن،ہر گھنٹہ،ہر منٹ اور ہر سیکنڈ جمہوریت کو مستحکم کرنے کیلئے استعمال میں لایا جانا چاہئے۔

نئی دلی میں راجیہ سبھا کیلئے نئے منتخب اور نامزد ارکان کیلئے منعقدہ دو روزہ تربیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مباحثوں کے بعد ایک فیصلہ سامنے آنا چاہئے۔

انہوں نے ارکان پر زور دیا کہ وہ ایوان کی اعلیٰ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے وقفے سوالات اور وقفے صفر کے مؤثر استعمال کو یقینی بنائیں۔

ایکوٹورازم

جموں کشمیر سرکار نئی ایکوٹورازم پالیسی مرتب کر رہی ہے جسے آئندہ 6 ماہ کے اندر حتمی شکل دے کر نافذ کئے جانے کی توقع ہے۔ محکمہ سیاحت کے مطابق پالیسی کا مقصد قدرتی وسائل کا تحفظ، ماحول کے لحاظ سے حساس علاقوں میں پائیدار سیاحت کو فروغ دینا اور مقامی آبادی کے لئے روزگار کے مواقعے پیدا کرنا ہے۔ پالیسی کو متعلقہ محکموں، ماحولیاتی ماہرین، مقامی آبادی اور سیاحتی شعبے سے وابستہ شراکت داروں کی مشاورت سے حتمی شکل دی جائے گی۔

صدرِ جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے رومانیا کا اپنا دورہ مکمل کیا ہے اور وہ وطن واپس پہنچ رہی ہیں۔ دورے کے دوران انہوں نے رومانیا کے اپنے ہم منصب Nicusor Dan کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، تعلیم، قابل تجدید توانائی اور کلچر کے شعبوں میں اشتراک کو دوام بخشنے سے متعلق دوطرفہ بات چیت کی۔ صدر جمہوریہ نے اس دوران رومانیا کے وزیر اعظم اور پارلیمانی لیڈروں کے ساتھ بھی بات چیت کی۔ اس کے علاوہ انہوں نے بھارت رومانیا بزنس فورم سے خطاب کیا اور بھارتی برادری کے ارکان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ واضح رہے کہ رومانیا کے دورے کے ساتھ ہی دروپدی مرمو نے مالڈووا اور نارتھ Macedonia کا دورہ بھی مکمل کر لیا۔

عرس

نامور فقیر عبدلعزیز المعروف عزیز بب کا سالانہ عرس کل کو ان کے آبائی گاوں کارہامہ میں منایا جائے گا۔ اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ پر دن بھر درود واذکار اور نعت ومناجات کی مجالس آراستہ ہوں گی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں وکشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18.5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27.2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24.6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 38 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 37 منٹ پر ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ۔